Prime Minister speaks on phone with His Excellency Viktor Orban, Prime Minister of Hungary

March 09, 2022

وزیراعظم نے فون پر ہنگری کے وزیراعظم عزت مآب وکٹر اوربن سے بات چیت کی

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج فون پر ہنگری کے وزیراعظم عزت مآب وکٹر اوربن سے بات چیت کی۔

دونوں لیڈروں نے یوکرین کی موجودہ صورت حال پر بات چیت کی اور فوری طور پر جنگ بندی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر اور سفارت اور مذاکرات کی طرف لوٹنے پر اتفاق کیا۔

وزیراعظم نے یوکرین۔ ہنگری سرحد کے ذریعہ 6 ہزار سے زیادہ ہندوستانی شہریوں کے انخلا کی سہولت فراہم کرانے کے لئے عزت مآب اوربن اور ہنگری کی حکومت کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم اوربن نے یوکرین سے لوٹنے والے بھارت کے میڈیکل طلبا کےلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ اگر چاہیں تو ہنگری میں اپنا مطالعہ جاری رکھ سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے اس فیاضانہ پیش کش کے لئے ان کی تعریف کی۔

دونوں لیڈروں نے ابھرتی ہوئی صورت حال کے سلسلے میں رابطے میں رہنے اور تنازع کو ختم کرانے کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

09 مارچ 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.